سوال

(99)جبراً صدقہ فطرلینا جائزیا نہیں۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید مفلس ونادار ہے عیدالفطر کے موقع پراپنے اہل وعیال کی خاطر کہیں سے ادھار اٹھا کرنئے کپڑے حلوہ وغیرہ تیار کرتا ہے۔ اورصدقۃالفطر ادا کرنے سے اپنی ناداری ظاہر کرتا ہے۔ اب اگرزید کو مجبوروتنگ کرکے صدقہ فطروصول کیا جائے توجائزیاناجائز؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جبراًکسی سے وصول کرنا جائزنہیں لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ۔ (اہل حدیث ۸مارچ ۱۹۴۶ئ) (فتاویٰ ثنائیہ جلد نمبر ۱ ص ۴۶۹)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 7ص 210

محدث فتویٰ